© rasailojaraid.com

کے حق میں دلائل اور حوالے موجود ہیں۔ کیا ہی اچھا ہو کہ سید فردوس شاہ صاحب اس کو دوبارہ علمی و تحقیقی سرسلیقے پر لکھیں۔

---

کتاب : اعترافِ عظمت
مرتب : عین الحسنین نون
ناشر : مکتبۂ تعمیر انسانیت۔ اُردو بازار۔ لاہور
ضخامت : ۵۶۵ صفحات
سفید کاغذ۔ مجلد
قیمت : ۳۵/- روپے

عالمی تحریکاتِ اسلامی کے مشترک رہنما اور مفکر اسلام سید ابوالاعلیٰ مودودی مغفور و مرحوم کی وفات پر لکھے جانے والے مضامین، تاثرات، اخباری نوٹ، بیانات، مناظرِ سفرِ آخرت، سانحہ کے متعلق انٹرویوز کا یہ ایک اچھا مجموعہ ہے۔ مشاہیر اہل قلم کے "تاثرات یک جا کر دیے گئے ہیں۔

اُمید ہے کہ یہ مجموعہ مولانا ئے مغفور کی سوانح، ان کی فکر، اُن کے کام، اُن کے مزاج، اُن کے سفرِ آخرت کے مختلف مراحل کے متعلق مفید معلومات و تاثرات کو سامنے لاتا ہے۔

---

کتاب : ائمہ سلف اور اتباعِ سنت
مصنف : شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ
مترجم : پروفیسر غلام احمد حریری۔
ناشر : طارق اکیڈیمی۔ فیصل آباد
صفحات : ۱۳۲۔ سفید کاغذ۔ چھوٹا سائز
قیمت : رنگین ٹائیٹل کے ساتھ ۸/- روپے

موضوع بھی بڑا اہم ہے اور مؤلف بھی عظیم المرتبہ۔ چھوٹی سی کتاب واضح کرتی ہے کہ ائمہ سلف خواہ وہ محدثین ہوں یا فقہا۔ اتباعِ سنت کے اصول پر مضبوطی سے قائم رہے۔ فرق صرف اس بنا پر ہوتا ہے کہ بعض ائمہ کو کوئی خاص حدیث پہنچی اور بعض کو پہنچی ہی نہیں۔ اسی طرح کوئی حدیث ایک فریق کی نگاہ میں روایت و درایت کو پورا کرتی ہے۔ دوسری نہیں کرتی۔ اس کے باوصف بڑے سے بڑے احکام میں مختلف بزرگ اسلاف تقریباً یک آہنگ ہیں۔ تفصیلی احکام میں جزئی اختلافات ہیں۔ مگر ان اختلاف نے کبھی کوئی بڑی تفریق پیدا نہیں کی۔ سارے فقہاء و محدثین کی سمتِ سفر ایک ہی تھی۔ اور قدم سے قدم ملا کر آگے بڑھے۔ فقہی اختلافات کی بنیاد پر تفرقہ

© rasailojaraid.com